# حکومت عوام کی حفاظت کرنے میں ناکام: کیجریوال

## اگر کوئی رات کے وقت ایسی محفوظ جگہ پر رہنے والے اداکار کے گھر میں گھس جائے اور اس پر چاقو سے حملہ کردے تو یہ وہاں کی ریاستی حکومت اور مرکزی حکومت کے لیے ایک بڑا سوال ہے



نئی دہلی۔(یو این آئی) عام آدمی پارٹی (آپ) کے قومی کنوینر اروند کیجریوال نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) پر دہلی سمیت پورے ملک میں لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہونے کا الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ بی جے پی کی ڈبل انجن حکومت میں جب مشہور شخصیات محفوظ نہیں ہیں تو عام آدمی کی حفاظت کی کیا بات کریں؟ مسٹر کیجریوال نے آج یہاں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ کل رات کچھ نامعلوم لوگ ملک کے مشہور اداکار سیف علی خان کے گھر میں داخل ہوئے اور ان پر چاقوؤں سے حملہ کیا۔ ہم ان کی جلد صحت یابی کی خواہش کرتے ہیں۔ مگر یہ بہت تشویشناک بات ہے کہ اتنے بڑے اداکار کی سکیورٹی ایسی نہیں ہوگی کہ کوئی کھڑکی سے اس کے گھر میں داخل ہوجائے۔ اگر رات کے وقت ایسی محفوظ جگہ پر رہنے والے کسی اداکار کے گھر میں کوئی گھس کر اس پر چاقو سے حملہ کرتا ہے تو یہ وہاں کی ریاستی حکومت اور مرکزی حکومت پر ایک بڑا سوالیہ نشان کھڑا کرتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ دونوں حکومتیں عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ممبئی میں یہ پہلا واقعہ نہیں ہے۔ اس سے قبل اداکار سلمان خان کے گھر پر فائرنگ ہوئی تھی۔ نیشنل ڈیموکریٹک الائنس کی اتحادی نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے رہنما بابا صدیقی کو دن دہاڑے قتل کردیا گیا۔ اگر بی جے پی کی ڈبل انجن والی حکومت ملک کی اتنی بڑی ہستیوں کو بھی سکیورٹی نہیں دے سکتی تو ہم ایک عام آدمی کی سکیورٹی کی کیا بات کریں گے؟ ہر طرف سے خبریں آرہی ہیں کہ گجرات کی جیل میں بیٹھ کر ایک گینگسٹر کھلے عام تاوان وصولی اور گولی مارنے کے فرمان جاری کر رہا ہے۔ دوسرے غنڈے کھلے عام ملک بھر میں اپنا راج چلا رہے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ موجودہ حکومتوں میں مجرموں کا کافی اثر و رسوخ ہے۔ جرائم پیشہ عناصر بلا امتیاز وارداتیں کررہے ہیں۔ انہیں پکڑے جانے کا کوئی خوف نہیں ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے اوپر سے انہیں مکمل تحفظ حاصل ہے۔ آپ کے لیڈر نے کہا کہ بی جے پی نہ صرف لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہے بلکہ وہ ملک کی سرحدوں کی بھی حفاظت نہیں کر پا رہی ہے۔ ہر روز کہا جاتا ہے کہ یہ ہندوستان، بنگلہ دیش کی سرحد کو محفوظ نہیں کر پا رہے ہیں۔ وہ ہر روز چیختے ہیں کہ روہنگیا سرحد پار کررہے ہیں۔ اگر وہ سرحد کی حفاظت نہیں کر پارہے ہیں تو استعفیٰ دیں۔ کسی بھی حکومت کی پہلی ذمہ داری اپنی سرحدوں کی حفاظت ہوتی ہے۔ اگر کوئی حکومت کھلے عام یہ تسلیم کررہی ہے کہ وہ سرحد کو محفوظ نہیں رکھ پا رہی تو اس حکومت کو مستعفی ہو جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آج دہلی کی سڑکوں پر کھلے عام گینگ وار جاری ہے۔ 25-20 راؤنڈ فائرنگ کھلے عام ہو رہی ہے۔ ہر دوسرے دن، تاجروں کو تاوان کی کالیں موصول ہو رہی ہیں۔ تاجروں سے کہا جارہا ہے کہ کروڑوں روپے پہنچا دو ورنہ مار ڈالیں گے۔ دہلی میں تاجر، خواتین اور یہاں تک کہ بچے بھی محفوظ نہیں ہیں۔ دہلی سے روزانہ 17 بچے لاپتہ ہو رہے ہیں۔ مسٹر کیجریوال نے کہا کہ ہم اداکار سیف علی خان پر قاتلانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ہم مرکزی حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ہر وقت گندی سیاست کرنا بند کرے۔ کسی بھی حکومت کا پہلا کام تحفظ فراہم کرنا اور دوسرا انصاف فراہم کرنا ہے۔ وہ سکیورٹی فراہم کرنے سے قاصر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے دن بہ دن ملک کا ماحول خراب کیا ہے۔

## پرویش ورما کے خلاف ایف آئی آر، کیجریوال کا طنز

### 'نااہل ہونے کی پوری کوشش میں مگر الیکشن کمیشن مانتا ہی نہیں'

نئی دہلی: بی جے پی کے امیدوار پرویش ورما کے خلاف انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ وہ نئی دہلی اسمبلی حلقے سے عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اور سابق وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے مدمقابل انتخاب لڑ رہے ہیں۔ پرویش ورما پر ایف آئی آر کے اندراج کے بعد اروند کیجریوال مسلسل ان پر نشانہ لگا رہے ہیں۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر طنز کرتے ہوئے کہا، "پرویش ورما نااہل ہونے کی پوری کوشش کررہے ہیں لیکن الیکشن کمیشن ان کی بات مانتا ہی نہیں!" کیجریوال نے ایک اور پوسٹ میں کہا، "دنیا بھر میں لوگ کہہ رہے ہیں کہ کھلے عام پیسہ اور سامان بانٹا جارہا ہے لیکن الیکشن کمیشن کہہ رہا ہے کہ انہیں کوئی ثبوت یا گواہ نہیں مل رہے۔" خیال رہے کہ مندر مارگ تھانے میں پرویش ورما کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کا حکم ریٹرننگ افسر نے دیا تھا۔ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے والمیکی مندر کے احاطے میں ووٹروں کو جوتے تقسیم کیے، جس کی ویڈیو بھی وائرل ہوچکی ہے۔ عام آدمی پارٹی نے مسلسل پرویش ورما پر الزام لگایا ہے کہ وہ نقد رقم، جوتے، کمبل اور ساڑیاں تقسیم کرکے ووٹروں کو متاثر کر رہے ہیں۔ پارٹی نے سوشل میڈیا پر متعدد ویڈیوز شیئر کیں اور الیکشن کمیشن سے بار بار شکایت کی ہے کہ ورما طاقت کے زور پر جیتنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے رویے پر سوال اٹھاتے ہوئے کیجریوال نے انتخابی ضابطوں پر عمل درآمد میں غیر جانبداری کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ معاملہ سیاسی طور پر خاصی گرماگرمی پیدا کرچکا ہے۔

# موہن بھاگوت کا بیان ملک دشمن ہے: ممتا بنرجی



کلکتہ۔(یو این آئی) وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے آج آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت کے بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ ملک دشمن بیان ہے اور اس تبصرہ کو انہیں واپس لینا چاہیے۔ پوش سنکرانتی کے آخری دن راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے صدر موہن بھاگوت نے کہا کہ حقیقی یوم آزادی 22 جنوری ہے۔ گزشتہ سال اسی دن ایودھیا میں رام مندر کا افتتاح کیا گیا تھا۔ بھاگوت کے بیان کے بعد سیاسی ردعمل کا سلسلہ جاری ہے۔ اب ترنمول کانگریس کے سربراہ اور بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے جمعرات کو اس میں ایک نئی جہت کا اضافہ کیا۔ آر ایس ایس سربراہ کے تبصرے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے ممتا نے سیدھے سیدھے کہا کہ میں نہیں جانتی، انہوں نے جان کر کہا یا انجانے میں مگر سچائی یہ ہے کہ یہ ملک دشمن تبصرہ ہے۔ میں اس کی سخت تنقید کرتی ہوں اور اس تبصرہ کو واپس لینے کا مطالبہ کرتی ہوں۔ آج ممتا بنرجی ریاستی سکریٹریٹ میں صحت کے مسئلہ پر پریس کانفرنس کررہی تھیں۔ کسی نے ان کی توجہ بھاگوت کے بیان کی طرف مبذول کرائی تو شروع ممتا نے سرگوشی کی طرح کہا کہ کیا یہاں سے سیاسی تبصروں کا جواب دینا درست ہے، اس کے بعد انہوں نے کہا کہ یہ ملک کی آزادی کا معاملہ ہے۔ تو میں یہاں سے اس کا جواب دوں گی۔ جواب دیتے ہوئے ممتا نے آزادی کی تحریک میں بنگال کے کردار کا بھی ذکر کیا۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ کیا کوئی جماعت تحریک آزادی کی تاریخ کو مسخ کرسکتی ہے؟ یہ سب بہت خطرناک (خطرناک) الفاظ ہیں۔ میں دیکھ سکتی ہوں کہ ہندوستان کا نام بھلا دیا جائے گا۔ حیرت کا اظہار کرتے ہوئے ممتا بنرجی نے کہا کہ تاریخ کے بہت سے ابواب پہلے ہی مسخ ہو چکے ہیں۔ آئین کے کئی باب بدلے جارہے ہیں۔ لیکن مجھے اندازہ نہیں تھا کہ ایسا بھی ہوسکتا ہے۔ ہمارے لیے یوم آزادی کا مطلب 15 اگست 1947 ہے۔ یہ ہمارا فخر ہے۔ واضح رہے کہ بھاگوت اور وزیر اعظم نریندر مودی نے گزشتہ سال 22 جنوری کو رام مندر میں رام للا کی پران پرتشٹھا کا فیصلہ کیا تھا۔ اس دوپہر کو ممتا نے ہزارہ سے پارک سرکس میدان تک کل مذاہب جلوس نکالا۔ جلوس میں مختلف مذاہب کے رہنما بھی ممتا کے ساتھ چلتے ہوئے نظر آئے۔ 1998 میں ترنمول بننے کے بعد ترنمول کانگریس این ڈی اے اتحاد کی شراکت دار تھی۔ اس دوران ممتا بنرجی کے آر ایس ایس کے کئی لیڈروں کے ساتھ بھی اچھے تعلقات تھے۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ یہ تعلقات سرد مہری کے شکار ہوگئے ہے۔ ترنمول اب بنگال میں بی جے پی کو روکنے کی سب سے بڑی پارٹی ہونے کا دعویدار ہے۔ غور طلب ہے کہ 2021 کے اسمبلی انتخابات کے دوران ممتا نے آر ایس ایس کے بارے میں کہا تھا کہ پہلے میں جانتی تھی کہ یہ تنظیم حب الوطنی کا کام کرتی ہے۔ لیکن اب میں دیکھ رہی ہوں کہ اس تنظیم کی سرگرمیاں ملک مخالف ہیں اور یہ ملک کو تقسیم کی کوشش کررہی ہیں۔

## سیف علی خان کے تئیں ممتا نے اظہار ہمدردی کی۔ حملے کی سخت تنقید کی

کلکتہ۔(یو این آئی) وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے آج سیف علی خان پر حملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جلد سے اس معاملے کے مجرمین کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے شاہ رخ خان اور سلمان خان کو دھمکی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اتنے بڑے اداکاروں کی جانوں کو خطرہ لاحق ہے۔ یہ افسوس ناک ہے۔ دھمکی دینے والوں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ پریس کانفرنس میں ایک سوال کے جواب میں ممتا بنرجی نے کہا کہ سیف علی خان پر حملے کی ہم نے مذمت کی ہے۔ بنگال کے خلاف محاذ آرائی کرنے والوں کو یہ بات سمجھ میں آگئی ہے کہ بنگال ملک بھر میں سب سے محفوظ ریاست ہے۔ تاہم انہوں نے کہا کہ ہر ریاست کی الگ صورت حال ہوتی ہے۔ مجھے امید ہے کہ ہر ایک کردار کے خلاف کارروائی ہوگی۔ ممتا بنرجی نے سیف علی خان اور کرینہ کپور کے تئیں اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ میں دعا کرتی ہوں کہ وہ جلد سے جلد شفایاب ہوجائیں۔

# سندیپ دکشت کی نامزدگی ریلی میں قد آور کانگریس لیڈران کی شرکت



نئی دہلی۔ نئی دہلی اسمبلی سیٹ سے عام آدمی پارٹی (عآپ) کے امیدوار اور دہلی کے سابق وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے خلاف کانگریس کے امیدوار سندیپ دکشت نے جمعرات کو اپنے کاغذات نامزدگی داخل کردیے۔ ان کی نامزدگی ریلی میں بڑی تعداد میں کانگریس کے قد آور رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر دہلی کانگریس کے صدر دیویندر یادو نے کہا، "جب سے سندیپ دکشت نے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں اور کانگریس امیدواروں کا اعلان ہوا ہے، تب سے عآپ اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے اندر خوف کا ماحول ہے۔ اروند کیجریوال اور پرویش ورما کے درمیان جو بیان بازی ہورہی ہے، وہ ظاہر کرتا ہے کہ آمریت کی بنیادیں مضبوط ہو چکی ہیں۔ دوسری طرف، کانگریس کو عوامی حمایت مل رہی ہے۔ میں پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ 8 فروری کو نتائج آنے پر نہ صرف سندیپ دکشت کی جیت ہوگی بلکہ پورے دہلی میں کانگریس کی واپسی ہوگی۔" بھارتیہ جنتا پارٹی کے امیدوار پرویش ورما کے خلاف ایف آئی آر درج ہونے پر دیویندر یادو نے کہا، "اس طرح کے واقعات مسلسل سامنے آرہے ہیں۔ وہ بار بار پیسہ تقسیم کرتے ہیں یا جوتے بانٹتے ہیں۔ ان کے خلاف ایف آئی آر ہونا ضروری تھا۔ ایسے لوگوں کے خلاف سخت کارروائی ہونی چاہیے۔" ریلی میں بڑی تعداد میں شامل لوگوں کو دیکھ کر سندیپ دکشت کی اہلیہ مونا دکشت نے کہا، "انتخابی نتائج کے بارے میں بات کرنا ابھی جلد بازی ہوگی لیکن ہم لوگ بہت محنت کررہے ہیں۔ سندیپ انتخابی مہم کے لیے سڑکوں پر نکلے ہیں۔ ان کی حکمت عملی ہے کہ نئی دہلی اسمبلی کے ہر گھر میں جاکر لوگوں سے رابطہ کریں۔ کیجریوال اپنے علاقے میں بھی نہیں آئے۔ ہمیں پوری امید ہے کہ ہم جیتیں گے۔ پورا خاندان محنت کررہا ہے۔" کانگریس کے ترجمان پون کھیڑا نے دہلی میں پارٹی کی حکومت بنانے کا دعویٰ کیا۔ ان کا کہنا تھا، "حکومت بنانے کے لیے جتنی سیٹوں کی ضرورت ہوتی ہے، اس سے 5 زیادہ سیٹیں جیت کر کانگریس دہلی میں حکومت بنائے گی۔ اس بار عوام کا بھرپور تعاون مل رہا ہے۔" کانگریس رہنما اجے ماکن نے کہا کہ نئی دہلی سیٹ سے سندیپ دکشت کی جیت ہوگی اور اروند کیجریوال انتخاب ہار رہے ہیں۔ قبل ازیں، سندیپ دکشت نے خبررساں ایجنسی آئی اے این ایس سے بات چیت کے دوران دہلی میں کانگریس کے لیے بڑھتی ہوئی عوامی حمایت کا ذکر کیا۔

# مقامی بلدیاتی انتخابات صرف وہی لڑسکیں گے جن کے 2 سے زائد بچے ہوں، نائیڈو کا اعلان

## آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ ریاست میں کم ہوتی آبادی پر فکرمند ہیں



امراوتی۔ ایک طرف دنیا جہاں بڑھتی آبادی کے مسائل سے نبرد آزما ہیں، وہیں ہندوستانی ریاست آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ ریاست میں آبادی کی گراوٹ سے پریشان ہیں۔ آج کا تعلیم یافتہ گھرانہ 'ہم دو، ہمارے دو' پالیسی پر عمل کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے، لیکن اب ایسے لوگ آندھرا پردیش میں مقامی بلدیاتی انتخابات کا حصہ نہیں بن سکیں گے۔ اس سلسلے میں آج آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این. چندرا بابو نائیڈو نے اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کوئی شخص سرپنچ، نگر پارشد یا میئر تبھی بن سکتا ہے جب اس کے 2 سے زیادہ بچے ہوں۔ ظاہر ہے یہ اعلان انہوں نے کیا ہے تاکہ لوگ زیادہ بچے پیدا کرنے پر غور کریں۔ وزیر اعلیٰ نائیڈو نے مذکورہ بالا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اس سے آبادی میں گراوٹ کو روکا جاسکے گا۔ اتنا ہی نہیں، وزیر اعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ لوگوں کو زیادہ بچے پیدا کرنے کا حوصلہ بخشنے کے مقصد سے وہ پالیسیاں بھی تیار کریں گے۔ اس سے قبل وزیر اعلیٰ نائیڈو نے کہا تھا کہ ریاست میں آبادی کی شرح بڑھنی چاہیے۔ سبھی کو اس بارے میں سوچنا چاہیے اور فیملی کو کم از کم 2 یا اس سے زیادہ بچے پیدا کرنے کا ہدف رکھنا چاہیے۔ دراصل مرکز کی یوتھ انڈیا- 2022 رپورٹ کے مطابق ہمارے ملک میں 25 کروڑ نوجوان 15 سے 25 سال کے درمیان ہیں۔ یعنی نوجوانوں کی تعداد کم ہو رہی ہے، اور اگلے 15 سالوں میں یہ گراوٹ مزید بڑھے گی۔ آندھرا پردیش میں نوجوان آبادی کی کمی سے وزیر اعلیٰ نائیڈو فکرمند ہیں۔ انہوں نے حال ہی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ "ایک وقت تھا جب زیادہ بچوں والے اشخاص کو پنچایت یا مقامی بلدیاتی انتخاب لڑنے کی اجازت نہیں تھی۔ اب میں جو کہہ رہا ہوں وہ یہ ہے کہ کم بچوں والے شخص انتخاب نہیں لڑ سکتے۔ آپ سرپنچ، نگر پارشد یا میئر تبھی بن سکتے ہیں جب آپ کے 2 سے زیادہ بچے ہوں۔" ٹی ڈی پی چیف نائیڈو کا کہنا ہے کہ پرانی نسل کے پاس زیادہ بچے تھے، جبکہ موجودہ نسل نے اسے ایک بچے تک محدود کردیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ آج کل کچھ 'اسمارٹ' لوگ لطف بھری زندگی کے لیے 'ڈبل انکم، نو کڈس' (ڈی آئی این کے) نظریہ اختیار کررہے ہیں، جو مناسب نہیں۔ وزیر اعلیٰ نائیڈو نے عوام سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ "آپ کے والدین نے 4 سے 5 بچے پیدا کیے اور آپ نے اسے 1 تک محدود کردیا۔ اب اور بھی زیادہ اسمارٹ لوگ کہہ رہے ہیں کہ 'ڈبل انکم نو کڈس' ہمیں مزہ لینے دیں۔ اگر ان کے والدین نے ان کی طرح سوچا ہوتا تو وہ اس دنیا میں نہیں آتے۔" چندرا بابو نائیڈو نے اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا کہ "سبھی ممالک نے یہ غلطی کی ہے اور ہمیں صحیح وقت پر فیصلہ لینا ہوگا۔ زیادہ بچے پیدا کرنے کی اہمیت پر زور نہیں دیا گیا تو حالات قابو سے باہر ہوجائیں گے۔"

# فلسطین میں جنگ بندی کا رضا اکیڈمی نے خیر مقدم کیا، یوم تشکر منانے کی اپیل

ممبئی۔(یو این آئی) تقریباً پندرہ ماہ بعد فلسطین میں صیہونی ریاست اسرائیل اور حماس کے درمیان معاہدہ طے پا گیا جس کے تحت جنگ بندی کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اہم موقع پر رضا اکیڈمی نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور فلسطین سمیت دنیا بھر میں امن و امان کے قیام کی دعا کی۔ رضا اکیڈمی کے عہدیداروں نے اس معاہدے کو فلسطینیوں کی استقامت اور قربانیوں کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ فلسطینی عوام نے بے شمار مشکلات اور مظالم کا سامنا کرنے کے باوجود اپنے قبلہ اول بیت المقدس کی حفاظت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں، جن میں عورتوں اور بچوں کی شہادتیں بھی شامل ہیں۔ رضا اکیڈمی نے اس موقع پر کہا کہ خون ناحق ہمیشہ رنگ لاتا ہے اور فلسطینی عوام نے یہ ثابت کردکھایا کہ فتح ہمیشہ حق والوں کا مقدر ہوتی ہے۔ جنگ بندی کے بعد، اسرائیل کے سب سے بڑے حمایتی، امریکی صدر جو بائیڈن نے جنگ کے خاتمے کا اعلان کیا۔

# سیف علی خان پر حملہ: سیاسی رہنماؤں کا شدید ردعمل

## مشہور شخصیات کو نشانہ بنا کر ممبئی کو کمزور کرنے کی سازش، حملے سے ریاست کی قانون و نظم کی قلعی کھل گئی: نانا پٹولے



ممبئی: بالی ووڈ کے معروف اداکار سیف علی خان پر ان کے گھر میں چاقو سے حملہ کیا گیا، جس کے بعد انہیں فوری طور پر اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ اطلاعات کے مطابق، حملہ آدھی رات کے قریب ہوا جب ایک شخص نے سیف کے گھر میں گھس کر تیز دھار ہتھیار سے تقریباً 6 بار وار کیا۔ فی الحال ممبئی پولیس یہ معلوم کرنے کی کوشش کررہی ہے کہ حملہ کس نے اور کیوں کیا۔ پولیس کی ٹیم تحقیقات کے لیے سیف علی خان کے گھر پہنچ گئی ہے اور 5 گھریلو ملازمین سے پوچھ گچھ کررہی ہے۔ یہ واقعہ باندرہ کے علاقے میں پیش آیا، جہاں کئی مشہور شخصیات رہائش پذیر ہیں۔ اس واقعہ نے سیاسی حلقوں میں بھی ہلچل پیدا کردی ہے اور مختلف رہنماؤں نے قانون و انتظام کے مسائل پر سوالات اٹھائے ہیں۔ شیوسینا (یو بی ٹی) کی رہنما پرینکا چترویدی نے کہا کہ یہ افسوسناک ہے کہ ممبئی میں ایک اور ہائی پروفائل قتل کی کوشش ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بابا صدیقی کے قتل کے بعد انصاف کا انتظار ہے، سلمان خان کو بلٹ پروف گھر میں رہنا پڑ رہا ہے اور اب سیف علی خان کو نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے پوچھا کہ اگر مشہور شخصیات ہی محفوظ نہیں تو عام آدمی کا کیا ہوگا؟ شیوسینا رہنما آنند دوبے نے کہا کہ اگر ملک میں وی آئی پی بھی محفوظ نہیں، تو عام شہریوں کا کیا حال ہوگا؟ انہوں نے پولیس اور وزیر داخلہ پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ انتہائی تشویش ناک صورتحال ہے۔ بی جے پی کے رام کدم نے یقین دہانی کرائی کہ پولیس ملزمان کو پکڑے گی اور انصاف ہوگا۔ این سی پی کی سپریا سولے نے معاملے پر محتاط بیان دیا کہ فی الحال زیادہ معلومات نہ ہونے کی وجہ سے تبصرہ مناسب نہیں ہوگا۔

ذرائع کے مطابق یہ حملہ سیف کے بیٹوں تیمور اور جہانگیر کے کمرے میں ہوا، جہاں سیف نے جاگ کر حملہ آور کا سامنا کیا۔ پولیس حملہ آور کے داخل ہونے کے طریقہ کار کا پتا لگا رہی ہے۔ سیف کے پی آر نے بتایا کہ نینی (گھریلو ملازمہ) نے رات کو آواز سن کر گھر والوں کو جگایا۔ سیف نے بہادری سے مزاحمت کی لیکن انہیں زخم آئے۔ سیف کی اہلیہ کرینہ کپور کی ٹیم نے بیان میں کہا کہ یہ ایک لوٹ مار کی کوشش تھی۔ سیف کو چوٹیں آئی ہیں، مگر باقی خاندان محفوظ ہے۔ انہوں نے میڈیا اور مداحوں سے افواہوں سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے۔ پولیس معاملے کی مزید تفتیش کررہی ہے۔

بالی ووڈ کے مشہور اداکار اور پدم شری ایوارڈ یافتہ سیف علی خان پر ہونے والے جان لیوا حملے نے مہاراشٹر کے لا اینڈ آرڈر کی قلعی کھول دی ہے۔ اگر ممبئی کے سب سے مصروف اور پوش علاقے باندرہ میں ایسی وارداتیں ہوسکتی ہیں تو پھر ممبئی کے دیگر علاقوں میں بھلا کون محفوظ ہوسکتا ہے؟ ممبئی، پونے، بیڑ، پربھنی، ناگپور جیسے علاقوں میں بڑھتے جرائم کو دیکھتے ہوئے یہ سوال عوام کے ذہن میں اٹھ رہا ہے کہ ریاست میں کوئی وزیر داخلہ موجود بھی ہے یا نہیں؟ ریاست کی مہایوتی حکومت پر یہ سخت تنقید کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کی ہے۔ ریاست میں لا اینڈ آرڈر کے مسئلے پر بی جے پی حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کہا کہ بی جے پی اتحاد حکومت کے دوران گینگسٹر کھلے عام حملے کرکے مہاراشٹر کی لا اینڈ آرڈر کو براہ راست چیلنج کررہے ہیں۔ گینگسٹرز کا دہشت ریاست میں مسلسل بڑھ رہا ہے، اور یہ حکومت کی سب سے بڑی ناکامی ہے۔ پٹولے نے کہا کہ بی جے پی حکومت میں مجرموں کے حوصلے بلند ہو چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ اور وزیر داخلہ دیویندر فڈنویس سمیت ان کے قریبی پولیس ڈائریکٹر جنرل بھی پوری طرح غیر فعال ہیں۔ ممبئی میں دو پولیس کمشنر ہونے کے باوجود نہ تو ریاست میں اور نہ ہی ممبئی میں لا اینڈ آرڈر باقی ہے۔ کانگریس کے ریاستی صدر نے کہا کہ بیڑ میں منظم جرائم اور ان کے سیاسی تحفظ، پربھنی میں پولیس حراست میں موت، باندرہ میں سابق وزیر بابا صدیقی کے قتل اور اداکار سلمان خان کے گھر پر فائرنگ جیسے سنگین واقعات پہلے ہی ہوچکے ہیں۔

## راج ناتھ نے برطانوی وزیر دفاع جان ہیلی سے ٹیلی فون پر بات کی

نئی دہلی۔(یو این آئی) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جمعرات کو برطانوی وزیر دفاع جان ہیلی کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ وزارت دفاع کے مطابق دونوں وزراء نے دفاعی تعاون کے امور پر مختصراً تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ تعلقات میں رفتار برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزرائے دفاع نے دونوں ممالک کے درمیان مخصوص دفاعی ٹیکنالوجی کے شعبوں جیسے الیکٹرک پروپلشن اور جیٹ انجنوں میں ہونے والی شاندار پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے حال ہی میں الیکٹرک پروپلشن پر ارادے کے بیان پر دستخط پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں وزراء نے ایک دوسرے کے تربیتی اداروں میں فوجی ٹرینرز کے تبادلے کے پروگرام کا بھی جائزہ لیا۔ ہندوستانی بحر الکاہل پر برطانیہ کی بڑھتی ہوئی توجہ کے ساتھ دونوں فریق اس سال مشترکہ کام کرنے اور بہتر سمندری شراکت داری کو تلاش کریں گے۔

## مولانا سید جعفر مسعود حسنی ندویؒ کی وفات پر جمعیۃ کا اظہار تعزیت

نئی دہلی۔ جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا محمود اسعد مدنی نے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے ناظر عام مولانا سید جعفر مسعود حسنی ندوی کی سڑک حادثے میں وفات پر گہرے رنج والم کا اظہار کیا ہے اور اس سلسلے میں ناظم ندوۃ العلماء مولانا سید بلال حسنی ندوی کو تعزیتی خط لکھ کر تعزیت مسنونہ پیش کی ہے، نیز اہل خانہ کی خدمت میں بھی تعزیت پیش کی ہے۔ مولانا مدنی نے کہا کہ مولانا موصوف ایک خاموش مزاج، بے لوث اور علمی شخصیت کے مالک تھے۔ انھوں نے علمی و فکری میدان میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ ان کی شخصیت زہد و تقویٰ، علمی ذوق اور سنجیدگی و حکمت کا حسین امتزاج تھی اور ان کی تصنیفات و تراجم علمی دنیا کا قیمتی سرمایہ ہیں جن کے خرمن فیض سے اہل علم کی کثیر تعداد نے خوشہ چینی کی ہے۔ مولانا مدنی نے کہا کہ یہ سانحہ خانوادۂ حسنی اور دارالعلوم ندوۃ العلماء کے لیے نقصان عظیم ہے۔

# 'صدر ٹرمپ کے الفاظ کو دھمکی کے طور پر نہ لیں، انہیں مواقع کے طور پر لیں'

## ہندوستان اور امریکہ کے مابین تعلقات کبھی اتنے مضبوط نہیں رہے جتنے آج ہیں: امریکی سفیر ایرک گارسیٹی



نئی دہلی۔(یو این آئی) ہندوستان میں امریکہ کے سفیر ایرک گارسیٹی نے آئندہ 20 جنوری کو صدر منتخب ڈونلڈ ٹرمپ کے عہدہ سنبھالنے کے بعد ہندوستان اور امریکہ کے مابین پالیسی کی سطح پر کسی بڑی تبدیلی کے امکان سے انکار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ دونوں ملکوں کے مابین رشتوں میں مزید وسعت پیدا ہوگی۔ مسٹر گارسیٹی نے یو این آئی اردو کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں کہا کہ "مجھے یقین ہے کہ صدر بائیڈن ہماری تاریخ میں سب سے زیادہ ہندوستان نواز صدر رہے ہیں، اور میں جانتا ہوں کہ وزیر اعظم مودی ایسے وزیر اعظم ہیں جو امریکہ سے بہت قریب ہیں، لیکن وزیر اعظم مودی اور صدر ٹرمپ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں، اور وزیر خارجہ کے لیے ان کے نامزد کردہ مارکو روبیو، ہندوستان کے بہت حامی ہے۔ ان کے نامزد کردہ قومی سلامتی کے مشیر مائیکل والٹز دو سال قبل یوم جمہوریہ کے موقع پر ہندوستان کا دورہ کرچکے ہیں، اور اس لیے مجھے امید ہے کہ رشتے مزید مضبوط ہوں گے۔" انھوں نے مزید کہا، "لیکن کچھ چیزیں بدل جائیں گی۔ امیگریشن پر توجہ مرکوز کی جائے گی، تجارت پر توجہ دی جائے گی، دفاع پر مسلسل توجہ دی جائے گی، اور شاید امریکہ اور ہندوستان کے لیے تجارت کے بارے میں بہت واضح بات چیت کا موقع ہوگا۔ صدر ٹرمپ کے الفاظ کو دھمکی کے طور پر نہ لیں، انہیں مواقع کے طور پر لیں اور دیکھیں کہ کیا ہم کوئی معاہدہ کرسکتے ہیں۔" ہندوستان اور امریکہ کے مابین موجودہ رشتوں سے متعلق سوال پر مسٹر گارسیٹی نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ "آپ ہمیں جانتے ہیں، ہندوستان اور امریکہ کے مابین تعلقات کبھی اتنے مضبوط نہیں رہے جتنے آج ہیں، سمندر کی تہہ سے لیکر ستاروں تک ہم خلا، دفاع، ثقافت، تعلیم کے شعبوں میں کام کررہے ہیں، ہم تجارت میں توسیع پر کام کررہے ہیں اور نئے ریکارڈ قائم کررہے ہیں، اب تک کے سب سے زیادہ ریکارڈ تجارت، ویزا، طلباء، فوجی مشقوں اور خلائی تعاون شعبے میں قائم ہوئے ہیں۔ ایک نسل پہلے کسی نے سوچا بھی نہ ہوگا کہ امریکہ اور ہندوستان اتنے قریب ہوں گے۔" تجارتی، سرمایہ کاری اور اقتصادی شراکت داری کو بڑھانے کے اقدام کے بارے میں مسٹر گارسیٹی نے کہا کہ "ہم نے گزشتہ دو برسوں میں ریکارڈ تجارتی سطح حاصل کی۔ میرے خیال میں اگلا کام ایک ایسا طریقہ تلاش کرنا ہے جس سے ہم دوسرے ملک کی کمپنیوں سے امریکہ اور ہندوستان میں زیادہ تیزی سے سرمایہ کاری لاسکیں۔ ہم مزید الیکٹرانکس، سیمی کنڈکٹرز، سولر پینلز، الیکٹرک گاڑیاں ایک ساتھ کیسے تیار کرسکتے ہیں؟ مثال کے طور پر، آج ہم مل کر اپنی فوجوں کے لیے ہیلی کاپٹر اور طیارے تیار کرتے ہیں۔ ہم ہندوستانی کمپنی کے ساتھ امریکہ میں اسٹیل بنانے کے مواقع تلاش کررہے ہیں۔ امریکی کمپنیاں یہاں کنزیومر مینوفیکچرنگ میں ملازمتیں فراہم کرتی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ جب ہم ایک دوسرے کے ملک میں سرمایہ کاری کرتے ہیں، تو ہم دونوں اطراف کے لیے مزید ملازمتیں پیدا کرتے ہیں، لیکن مجھے لگتا ہے کہ ہم واقعی اہم ٹیکنالوجیز پر توجہ مرکوز کررہے ہیں جس میں سیمی کنڈکٹرز، ٹیلی کمیونیکیشن، کوانٹم اور مصنوعی ذہانت، اور دفاع اور خلا بھی شامل ہیں۔ اس کے لیے، فارماسیوٹیکل اور بائیوٹیک اور توانائی، یہ وہ اہم شعبے ہیں جو مستقبل کو متعین کریں گے۔ ہندوستان اپنے طور پر صرف اتنا کرسکتا ہے، امریکہ اپنے طور پر صرف اتنا کرسکتا ہے، لیکن مل کر کام کرنے میں اس کے امکانات لامحدود ہیں۔

# آپ نے مبینہ شراب گھوٹالہ کو من گھڑت قرار دیا

نئی دہلی۔(یو این آئی) عام آدمی پارٹی (آپ) نے مبینہ شراب گھوٹالہ میں مرکزی وزارت داخلہ سے تین سال بعد منظوری لینے پر انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) پر بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) پر حملہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے اس گھوٹالے کو سیاسی بدنیتی سے گھڑا تھا۔ عام آدمی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ سنجے سنگھ نے آج کہا کہ بدھ کے روز ثابت ہوگیا کہ شراب کا نام نہاد گھوٹالہ بی جے پی، مسٹر مودی اور مسٹر شاہ کی طرف سے بنایا گیا من گھڑت گھوٹالہ تھا۔ اس سارے معاملے کا کوئی سرپیر نہیں تھا۔ عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کیجریوال کی گرفتاری مکمل طور پر غیر قانونی اور غلط تھی۔ منیش سسودیا اور میری گرفتاری بھی پوری طرح سے فرضی اور غیر قانونی تھی۔ تین سال بعد انہیں یاد آرہا ہے کہ اس معاملے میں بھی منظوری لینی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ پورا کیس فرضی ہے اور تمام گرفتاریاں غیر قانونی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک میں کیا ہو رہا ہے۔ یہ اپنے آپ میں چونکا دینے والی بات ہے کہ ای ڈی نے بغیر منظوری کے ایک وزیر اعلیٰ کو گرفتار کرلیا۔

